”آؤ! نماز پڑھیں“ طلبہ و نوجوانوں کے لئے ترغیبی تحریک

## ہفتہ واری تربیتی پروگرام برائے طلبہ و نوجوان — سلسلہ نمبر 4

# بعنوان | آسمانی کتابیں

از: مولانا غیاث احمد رشادی (صدر صفا بیت المال و منبر و محراب فاؤنڈیشن)

پیارے بچو! گزشتہ اتوار ہم نے فرشتوں سے متعلق اہم اور بنیادی باتیں بتلائی تھیں۔ آؤ! آج ہم ایمان مفصل دوبارہ پڑھ لیں اور اس کے معنی اور مطلب کو بھی سمجھ کر آگے بڑھیں:

ایمان مفصل: آمَنْتُ بِاللهِ وَمَلَائِکَتِهٖ وَکُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ.

ایمان لایا میں اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور تقدیر پر کہ ہر خیر اور ہر شر سب کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور میں ایمان لایا اس بات پر بھی کہ مرنے کے بعد سب کو زندہ کر کے اٹھایا جائے گا۔

اللہ پر ایمان اور فرشتوں پر ایمان کی تفصیلات سمجھنے کے بعد آج ہم تم کو ان آسمانی کتابوں پر ایمان لانے کے بارے میں تفصیلات بتلا رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے دنیا جہاں کے انسانوں کی ہدایت اور ان کو سیدھی راہ بتلانے اور انہیں ایک اچھی اور سچی زندگی گزارنے کیلئے مختلف نبیوں اور رسولوں پر آسمان سے مقدس اور عظمت والی کتابیں اتاری ہیں تاکہ ان کتابوں کو پڑھ کر اور سمجھ کر اس پر وہ عمل کر سکیں اور اپنی اپنی قوموں کو بھی سمجھا کر انہیں سیدھا راستہ بتلا سکیں۔



# پیارے بچوں سے اہم سوالات

## سوال ہمارا.......جواب تمہارا

1۔ ایمان مفصل میں اللہ تعالیٰ پر ایمان کے بعد کس پر ایمان کا ذکر ہے؟

2۔ ایمان ایمان مفصل میں فرشتوں پر ایمان کے بعد کس پر ایمان کا ذکر ہے؟

3۔ وہ چار آسمانی کتابیں کون کونسی ہیں؟

4۔ توراۃ کسی نبی پر اتاری گئی؟

5۔ انجیل کس نبی پر اتاری گئی؟

6۔ زبور کس نبی پر اتاری گئی؟

7۔ قرآن مجید کس نبی پر اتاری گئی؟

8۔ توراۃ کس زبان میں اتاری گئی؟

9۔ زبور کس زبان میں اتاری گئی؟

10۔ انجیل کس زبان میں اتاری گئی؟

11۔ قرآن مجید کس زبان میں اتاری گئی؟

منجانب

بیدر بیٹرمنٹ فاؤنڈیشن
Bidar Betterment Foundation
Reg. No. BDR-4-197/2022-23

پیارے بچو! کیا تم جانتے ہو کر وہ آسمانی کتابیں کتنی ہیں جو مختلف نبیوں اور رسولوں پر اتاری گئیں؟

اگر تم نہیں جانتے ہو تو آج ہم ان آسمانی کتابوں کے نام اور ان سے متعلق رسولوں کے نام بتلاتے ہیں۔ یہ آسمانی کتابیں چار ہیں:

(۱) تورات: تورات وہ آسمانی کتاب ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اتاری گئی۔ تم نے نبیوں اور رسولوں کے واقعات میں یہ واقعہ بھی سنا ہوگا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کوہ طور پر بلا کر انہیں تورات عطا فرمائی۔ بنی اسرائیل نامی قوم کی ہدایت کیلئے یہ آسمانی کتاب اتاری گئی۔ تورات بھی عبرانی زبان میں نازل کی گئی۔

بچو! کیا تمہیں معلوم ہے کہ تورات میں بھی ہمارے نبی حضرت محمد مصطفی ﷺ کا ذکر ہے۔

(۲) زبور: ۔ زبور وہ آسمانی کتاب ہے جس کو حضرت داود علیہ السلام پر نازل کیا گیا۔ قرآن مجید میں زبور کے بارے میں کہا گیا ”و آتینا داود زبوراً“ اور ہم نے داؤد کو زبور دی۔ زبور عبرانی زبان میں نازل ہوئی، جس طرح آج ہم اردو، انگریزی وغیرہ بولتے ہیں۔ اس زمانہ میں عبرانی نام کی زبان تھی، اسی زبان میں زبور نازل کی گئی۔

(۳) انجیل: انجیل وہ آسمانی کتاب ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اتاری گئی۔ قرآن مجید میں بھی انجیل کا ذکر کیا گیا ہے ”و آتینه الانجیل“ اور ہم نے ان کو یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو انجیل عطا کی۔ انجیل سریانی زبان میں نازل کی گئی جیسے یونانی اور لاطینی زبان ہے ویسے ہی سریانی بھی ایک زبان ہے۔

(۴) قرآن مجید: ۔ قرآن مجید وہ آسمانی آخری کتاب ہے جو حضرت محمد مصطفی ﷺ پر نازل کی گئی۔ یہ قرآن مجید عربی زبان میں ہے جو آج بھی دنیا کے مختلف عرب ملکوں میں بولی، پڑھی اور سمجھی جاتی ہے اور ہمارے ہندوستان میں بھی عربی زبان کو خاص درجہ حاصل ہے۔ ہمارے دینی مدرسوں میں یہ زبان پورے اہتمام کے ساتھ پڑھی اور پڑھائی جاتی ہے۔



قرآنِ مجید میں تیس پارے ہیں، سات منزلیں ہیں اور ایک سو چودہ (114) سورتیں ہیں۔ سب سے بڑی سورت سورۃ البقرہ ہے اور سب سے چھوٹی دو سورتیں بہت مشہور ہیں،

سورۃ الکوثر یعنی انا اعطیناك الکوثر اور سورۃ الاخلاص یعنی قل هو الله احد.

بچو! ان چار آسمانی مقدس کتابوں کے علاوہ مختلف صحیفے بھی نبیوں اور رسولوں پر اتارے گئے جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام وغیرہ پر، جس کا ذکر سورۃ الاعلیٰ میں ہے۔ صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ حضرت ابراہیم اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کے صحیفے۔

پیارے بچو! یہاں ایک بات تمہارے ذہن میں رہنا ضروری ہے کہ ان تمام آسمانی کتابوں پر ہمیں یہ ایمان رکھنا چاہئے کہ یہ ساری آسمانی کتابیں اور صحیفے حق ہیں لیکن ان میں سے صرف ایک ہی کتاب پر ہم سب کو عمل کرنا ہے، وہ ہے قرآن مجید جو ہمارے ہاتھوں میں ہے۔ یہ بات ابھی سے اپنے دل و دماغ میں رکھو کہ یہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہماری ہدایت کیلئے اتری ہے۔ اس قرآنِ مجید پر جہاں ایمان لانا ضروری ہے وہیں اس کا تجوید کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے اور اس کا سمجھنا بھی ضروری ہے اور اس پر عمل کرنا بھی ضروری ہے اور ایک اور ذمہ داری اہم یہ ہے کہ ہم اس قرآن کے پیغام کو دنیا کے دیگر لوگوں تک پہنچائیں۔

بچو! یہ بات یاد رکھو کہ یہ قرآن مجید صرف مسلمانوں کی مقدس کتاب نہیں ہے بلکہ دنیا جہاں کے سارے انسانوں کی ہدایت کیلئے یہ کتاب اتاری گئی ہے۔ اس لئے آج ہی سے ارادہ کرو کہ تم اس کتاب کو تجوید کے ساتھ پڑھو گے اور اس کے معنیٰ اور مطلب کو سمجھو گے اور اس پر عمل کرو گے اور دوسرے لوگوں تک اس قرآن مجید کے پیغام کو پہنچائیں گے۔ تم عہد کرو کہ تم اس کتاب کا حق ادا کرو گے۔